Fairfax County PUBLIC SCHOOLS
ENGAGE • INSPIRE • THRIVE®

اسکول حدود پر نظرثانی

کمیونٹی اجلاس کا لائحہ عمل

اجلاس کے اغراض و مقاصد

- دریافت کیجیئے کہ اسکول باؤنڈری کیا ہے اور اسکول حدود پر نظرثانی کرنے کی وجوہات کیا ہیں ۔
- اسکول کی حدود پر نظرثانی کرنے کے عمل میں شامل ترجیحات اور اقدامات کا جائزہ لیجیئے ۔
- بحث ومباحثہ کی بریک آؤٹ نشستوں میں شریک ہوکر کمیونٹی کی اجتماعی سوچ اور فیڈ بیک سے استفادہ کیجیئے ۔

آغاز

FCPS کی سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر مشیل سی ریڈ کی طرف سے خوش آمدید اور تعارف ۔

فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز باؤنڈری پر نظرثانی ـ تعارف

ہم مندرجہ ذیل کلیدی سوالات کے متعلق معلومات کا جائزہ لیں گے:

- ہم FCPS میں اسکول کی حدود پر نظرثانی کیوں کر رہے ہیں اور اب ہی کیوں؟
- اسکول باؤنڈری پر نظرثانی باقاعدگی سے منعقد کرنے کے چند فوائد کیا ہیں؟
- ہمارے اسکول باؤنڈری پر نظرثانی کے عمل میں ہماری کیا ترجیحات ہیں؟
- اس نظرثانی کا کیا طریقہ کار اور نظام الاوقات ہے؟
- ان اجلاسوں کے دوران آپ کا نقطہ نظر باؤنڈری پر نظرثانی کے عمل میں کیسے شامل ہوتا ہے؟

کمیونٹی کی آراء ـ بریک آؤٹ گروپس

ہم باؤنڈری پر نظرثانی کے عمل کے متعلق خیالات اور توقعات پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے گروپوں میں تقسیم ہوں گے ۔ ذیل میں وہ سوالات ہیں جو ہم زیربحث لائیں گے:

- سوال نمبر 1: تعارف میں ، ہم نے اسکول کی موجودہ حدود سے متعلق مختلف مسائل دریافت کیے ۔ جب ہم باؤنڈری منظرنامے بناتے ہیں تو ان میں سے آپ کے نزدیک کس بات کو اولین ترجیح دینی چاہیے؟
- سوال نمبر 2: ایک دیکھ بھال کرنے والے اور/ یا کمیونٹی رکن کے طور پر آپ کے تجربے کی بنیاد پر، وہ چند اہم اعدادوشمار یا نکات کیا ہیں جن پر ہمیں غور کرنا چاہیے؟
- سوال نمبر 3: آپ کیا توقع کرتے ہیں کہ اس باؤنڈری نظرثانی کے عمل کے نتائج کیا ہوں گے؟ نظرثانی کا یہ عمل ہماری کمیونٹی پر کیسے مثبت اثر مرتب کرسکتا ہے؟
- سوال نمبر 4: باؤنڈری پر نظرثانی کے اس عمل کے اگلے مراحل کے متعلق آپ کے کیا سوالات ہیں؟

(بریک آؤٹ گروپس کے اختتام پر پانچ منٹ کا وقفہ ہوگا ، جس کے بعد پورے گروپ کی رائے سے آگاہ کیا جائے گا ۔)

اختتامیہ

- اختتامیہ کلمات اور آئندہ اقدامات ۔
- براہ مہربانی نیچے دیے گئے QR کوڈ استعمال کرتے ہوئے آج رات کی میٹنگ کے بارے میں اپنی رائے سے آگاہ کیجیئے ۔

آپ کی شرکت کا شکریہ! FCPS جامع حدود نظرثانی کے عمل کے بارے میں مزید معلومات کیلئے

براہ مہربانی ہماری visit our website ملاحظہ کیجیئے ۔